## سوال

(171) عورتوں کی امامت

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا عورت کے لیے ایک عورت کی امامت کروانا جائز ہے؟ اور مقتدی عورت کہاں کھڑی ہوگی؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عورت کے لیے جائز ہے کہ وہ دیگر عورتوں کی امامت کرائے اور امامت کرانے والی ان کے درمیان کھڑی ہوگی۔ لیکن جب مقتدی عورت ایک ہو تو وہ امامت کرانے والی عورت کی دائیں جانب کھڑی ہوگی۔ (سعودی فتویٰ کمیٹی)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## عورتوں کے لیے صرف

## صفحہ نمبر 176

## محدث فتویٰ